The Absolute Reality

www.quran4u.com

أَيَحْسَبُ الْإِنسَانُ أَن يُتْرَكَ سُدًى

کیا انسان خیال کرتا ہے کہ یونہی چھوڑ دیا جائے گا

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندهري)

سورة القيامة

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

ہم کو روز قیامت کی قسم۔	1.
اور نفس لوامہ کی (کہ سب لوگ اٹھا کر کھڑے کئے جائیں گے)	2.
کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ ہم اس کی (بکھری ہوئی) ہڈیاں اکٹھی نہیں کریں گے۔	3.
ضرور کریں گے اور ہم اس بات پر قادر ہیں کہ اس کی پور پور درست کریں۔	4.
مگر انسان چاہتا ہے کہ آگے کو خود سری کرتا جائے	5.
پوچھتا ہے کہ قیامت کا دن کب ہو گا؟	6.
جب آنکھیں چندھیا جائیں	7.
اور چاند گہنا جائے	8.

اور سورج اور چاند جمع کر دیے جائیں	.9
اس دن انسان کہے گا کہ (اب) کہاں بھاگ جاؤں	.10
بیشک کہیں پناہ نہیں	.11
اس روز پروردگار ہی کے پاس ٹھکانہ ہے	.12
اس دن انسان کو جو عمل اس نے آگے بھیجے اور جو پیچھے چھوڑے ہونگے سب بتا دیئے جائیں گے	.13
بلکہ انسان آپ اپنا گواہ ہے	.14
اگرچہ عذر و معذرت کرتا رہے	.15
اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) وحی کے پڑھنے کیلیئے اپنی زبان نہ چلایا کرو کہ اسکو جلد یاد کرلو	.16
اس کا جمع کرنا اور پڑھانا ہمارے ذمہ ہے	.17
جب ہم وحی پڑھا کریں تو تم اس کو سنا کرو اور پھر اس طرح پڑھا کرو	.18
پھر اس (کے) معانی کا بیان بھی ہمارے ذمے ہے	.19
مگر (لوگو) تم دنیا کو دوست رکھتے ہو	.20
اور آخرت کو ترک کیئے دیتے ہو	.21
اس روز بہت سے منہ رونق دار ہونگے	.22
(اور) اپنے پروردگار کے محو دیدار ہونگے	.23
اور بہت سے منہ اس دن اداس ہونگے	.24
خیال کرینگے کہ ان پر مصیبت واقع ہونے کو ہے	.25
دیکھو جب جان گلے تک پہنچ جائے	.26
اور لوگ کہنے لگیں (اس وقت) کون جھاڑ پھونک کرنیوالا ہے	.27

اور اس (جاں بلب) نے سمجھا کہ اب سے جدائی ہے	.28
اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹ جائے	.29
اس دن تجھ کو اپنے پروردگار کی طرف چلنا ہے	.30
تو اس (ناعاقبت اندیش نے تو کلام خدا کی) تصدیق کی نہ نماز پڑھی	.31
بلکہ جھٹلایا اور منہ پھیر لیا	.32
پھر اپنے گھر والوں کے پاس اکڑتا ہوا چل دیا	.33
افسوس ہے تجھ پر پھر افسوس ہے	.34
پھر افسوس ہے تجھ پر پھر افسوس ہے	.35
کیا انسان خیال کرتا ہے کہ یونہی چھوڑ دیا جائے گا	.36
کیا وہ منی کا جو رحم میں ڈالی جاتی ہے ایک قطرہ نہ تھا	.37
پھر لوتھڑا ہوا پھر (خدا نے) اس کو بنایا پھر (اسکے اعضاء کو) درست کیا	.38
پھر اس کی دو قسمیں بنائیں (ایک) مرد اور (ایک) عورت	.39
کیا اس کو اس بات پر قدرت نہیں کہ مردوں کو جلا اٹھائے؟	.40

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com